سرکاری ادائیگیوں کے لئے ڈیجیٹلائزیشن کے فروغ کے لئے بینک آف پنجاب (BOP) اور کارانداز پاکستان کے مابین مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

کراچی، 7 جنوری 2016: پاکستانی شہریوں کی سہولت کے پیشِ نظر کارانداز پاکستان اور بینک آف پنجاب کے مابین سرکاری ادائیگیوں کو ڈیجیٹلائز کرنے کے لئے ایک مفاہمت کی یادداشت (MoU) پر دستخط کئے گئے۔ معاہدے میں دونوں اداروں کے مابین مختلف شعبوں میں مفاہمت پر اتفاق کیا گیا جس کے تحت کارانداز پاکستان BOP کے منصوبوں، G2P اور P2G کے لئے تکنیکی سہولیات فراہم کرے گا۔ اس شراکت کا مقصد ڈیجیٹل فنانشل سروسز کے لئے ایک ایسا نظام پیش کرنا ہے جو بروقت اور آڈٹ ایبل ڈیجیٹل ڈسبرسمنٹ کے ذریعے حکومت اور افراد دونوں کو سہولت فراہم کرے گا۔ اس کے ذریعے وصول کنندگان با آسانی اپنی رقم، پینشن اور تنخواہیں نکلوا سکیں گے۔ اس سلسلے میں BOP کے کراچی آفس میں ایک یادداشت پر دستخط کئے گئے، جس میں دونوں اداروں کی اعلیٰ قیادت نے شرکت کی۔ شرکاء میں بینک آف پنجاب کے پریذیڈنٹ جناب نعیم الدین خان، گروپ ہیڈ انویسٹمنٹ بینکنگ اینڈ پیمنٹ سروسز گروپ جناب مصطفیٰ ہمدانی، گروپ ہیڈ ٹریژری اینڈ فنانس جناب خاور انصاری، BOP سے ہیڈ آف برانچ لیس بینکنگ جناب لطیف احمد ہاشمی اور کارانداز پاکستان سے عبوری سی ای او جناب امداد اسلم اور ایسوسی ایٹ ڈیجیٹل فنانشل سروسز جناب بلال علی قریشی شامل تھے۔ اس موقع پر بینک آف پنجاب کے پریذیڈنٹ جناب نعیم الدین خان نے کہا کہ " بینک آف پنجاب ملک کے تیزی سے ترقی کرنے والے کمرشل بینکوں میں سے ایک ہے اور فنانشل سیکٹر کے تمام شعبوں میں خدمات پیش کر رہا ہے۔ بینک آف پنجاب صوبہ پنجاب میں ہر طبقے کی ضروریات پوری کرنے کے لئے موجود ہے لہٰذا اس کی پہنچ معاشرے کے کم مراعات والے طبقے تک بھی ہے۔ بینک اس سلسلے میں ان کی ضروریات سے پوری طرح واقف ہے اور بے مثال خدمات فراہم کر رہا ہے۔ کارانداز کے ساتھ شراکت سے ٹرانزیکشنز کو ڈیجیٹلائز کرنے کے عمل میں تیزی آئے گی اور معاشرے کے مالی طور پر کمزور طبقے کے لئے خدمات کی با آسانی فراہمی ممکن ہوگی۔" تقریبِ دستخط کے موقع پر کارانداز پاکستان کے عبوری سی ای او جناب امداد اسلم نے کہا کہ "اس وقت پاکستان کے مالی طور پر کمزور اور پسماندہ طبقے کو سرکاری ادائیگیوں کے لئے BOP کی رسائی اور حجم کے باعث یہ شراکت کارانداز پاکستان کو ملک میں مالیاتی سہولیات کی فراہمی میں معاونت کا بہترین موقع فراہم کرے گی۔ کارانداز پاکستان BOP کو اپنے کم مراعات یافتہ بینیفشریز کو استعمال میں آسان ڈیجیٹل فنانشل سروسز مہیا کرنے کے لئے تکنیکی مہارت استعمال کرے گی، یہ حکومتی ٹرانزیکشنز کو ڈیجیٹلائز کرنے کے سلسلے میں کی جانے والی کوششوں کا حصہ ہے۔"

BOP کا تعارف

بینک آف پنجاب (BOP) (www.bop.com.pk) ملک کے بڑے بینکوں میں سے ایک ہے، جس کی PACRA ریٹنگ میں: طویل المدت ریٹنگ - AA اور قلیل المدت ریٹنگ A1 ہے۔ بینکاری کے وسیع تجربے اور بورڈ آف ڈائریکٹرز اور سینئر منیجمنٹ کی جانب سے طے کردہ مقاصد کے باعث، بینک نے مصنوعات اور خدمات کی وسیع رینج کی فراہمی کے لئے انقلابی ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کی ہے۔ بینک کا وسیع پورٹ فولیو بینکنگ کے تمام پہلوؤں کا احاطہ کرتا ہے۔

کارانداز پاکستان کا تعارف

کارانداز پاکستان (www.karandaaz.com.pk) ایک نجی کمپنی ہے، جس کا قیام اگست 2014 میں عمل میں آیا۔ کمپنی، چھوٹے کاروبار کے لئے تجارتی طور پر سرمایہ کاری پر مبنی پلیٹ فارم کے ذریعے مالی سہولت فراہم کرتی ہے اور ٹیکنالوجی پر مبنی ڈیجیٹل سلوشنز کی مدد سے لوگوں کی مالی معاونت کرتی ہے۔ اس سلسلے میں کمپنی کو معروف انٹرنیشنل ڈیویلپمنٹ فنانس انسٹیٹیوشنز سے مالی اور اداراتی معاونت حاصل ہے؛ جس میں یونائیٹڈ کنگڈم ڈپارٹمنٹ فور انٹرنیشنل ڈیویلپمنٹ (DFID) اور بل اینڈ میلنڈا گیٹس فاؤنڈیشن قابلِ ذکر ہیں۔ ورلڈ بینک گروپ کے کنسلٹیٹو گروپ ٹو اسسٹ دی پوور (CGAP) نے کمپنی کے ابتدائی مراحل میں معاونت کی اور اب بھی تکنیکی معاونت فراہم کر رہا ہے۔ کمپنی تین شعبوں میں خدمات فراہم کرتی ہے جن میں ڈیجیٹل فنانشل سروسز، کارپوریٹ انویسٹمنٹس اور کریڈٹ اینڈ نالج منیجمنٹ اینڈ کمیونی کیشنز شامل ہیں۔ کارانداز کارپوریٹ انویسٹمنٹ اینڈ کریڈٹ کے تحت پاکستان میں زرائع روزگار بڑھانے اور پائیدار ترقی کے لئے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروبار کے لئے ہول سیل اسٹرکچرڈ کریڈٹ اور ایکویٹی لنکڈ ڈائریکٹ گروتھ کیپٹل انویسٹمنٹس فراہم کرتی ہے۔ کارانداز پاکستان کو نامور پاکستانیوں کی معاونت اور سرپرستی حاصل ہے اور انٹرنیشنل انویسٹمنٹ منیجمنٹ اور ڈیجیٹل فنانس کے ماہرین پر مبنی ایک تجربہ کار ٹیم اس کا انتظام سنبھالتی ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کریں:

محترمہ عالیہ مواز

ہیڈ آف مارکیٹنگ، سی سی اینڈ پی آر

بینک آف پنجاب

ای میل: aalya.mawaz@bop.com.pk

فون: 042-35783700 ایکسٹینشن: 254